U54935 27-11-09

Title - Gulzar fiza

Creator - Gawaband Parshad Fiza.

Publisher - Munshi Nawal Kishore (Lucknow).

Date - 1859

Pages - 55

Subjects - Urdu Shayari - Masnaviyaat.

اندرون داستان رنگین سخن نمکین و شیرین

منظومہ سراپا جادو مثنوی شیرین خسرو اردو کلام جانفزا نسخہ دلکشا مسمی بہ

گلزار فضا

تصنیف نکتہ شناس معنی اساس صاحب طبع رسا منشی گوبند پرشاد متخلص بہ فضا

مطبع منشی نولکشور لکھنؤ میں طبع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جہکا سر ہی قلم لکھہ حمد باری — کہ حاصل ہو سخن کو پائداری
وہ ایسی بارگاہ کبریا ہی — گدا جس آستان کا بادشاہی
وہی شاہنشہ کون و مکان ہی — وہی سلطان ملک شش جہان ہی
وہی موجود ہی معبود و مسجود — کری نابود بود اور بود نابود
وہی ہی عالم پیدا و پنہان — وہی ہی ناسخ طومار عصیان
بظاہر گرچہ سب سی نہان ہی — ولیکن ہین باطن سی عیان ہی
اوسی جلوہ کا اک عالم ہی سمایا — کہین عاشق کہین معشوق پایا
اوسی کی نور سی ہی چشم بینا — اوسی سی طور سینا ہی یہ سینا
وہی عاشق ہی جانانہ وہی ہی — وہی ہی شمع پروانہ وہی ہی
وہی ہی فاختہ بلبل وہی ہی — وہی ہی سرو گلشن گل وہی ہی
نہین ہی گر اثر اوسکا ہویدا — تو کیونکر ہی زبان انسان کی گویا
زبان تو ہی پر سخن بنکر عیان ہی — سخن مین صورت معنی نہان ہی
توانا اک وہی نام خدا ہی — وہی ورد تن بیدست و پا ہی
وہی ہی داروی درد غریبان — وہی عشرت دہ عشرت نصیبان
جو فیضان کرم اوسکا نہ برسے — سمندر مین صدف موتی کو ترسے
یہ اوسکا ابر رحمت درفشان ہی — کہ دریا ہی سخن لب پر روان ہی
بنا کر اک کتاب آفرینش — محشی کی بعلم و عقل و بینش
لکھا دیباچہ لوح جبین کو — نہین ہی فہم جسکا نکتہ بین کو
یہ ادنی اوسکی قدرت ہی نمایان — کیا پیدا بشر خوبی کا دیوان
کیا ہی منتظم اعضا سی اعضا — کیا اشعار موزون حسن پیدا
کیا ترکیب بند چار پیوند — کیا ابیات تن کو قافیہ بند
ہر اک انگشت ہی مصرع غزل کا — ولادت مطلع اور مقطع اجل کا
رگ و پی سی کیا شیرازہ بندی — عطا کی جلد تن کو ارجمندی
کیا ہی نور سی اپنی مجلا — بنائی لوح پیشانی مطلا
محبت کا ہی مضمون عاشقانہ — ہوا اس بند جسکا اک زمانہ
عیان ہی قوت سخن مضمون جان ہی — وہ جان ہی پاک نور حق نہان ہی
غرض ہین مثل اوس خالق کی ہی آیت — فضیات [illegible]

اوسکی مناجات ہی جو [illegible] اجات ہی

خداوندا مری امید برلا — کرم سی مجھکو راہ راست پر لا
[illegible] مین بہت مبتلا ہون — گنہ آلودہ مین سر تا پا ہون
ہوا ہون خاک راہ مستمندی — ہوا ہی لطف سی تیری بلندی
ہوا ہون بادۂ غفلت سی بیہوش — برنگ جام ہون اک [illegible]
نہ مجھسی راست گوئی کا کام آیا — زبان پر بھی نہ تیرا نام آیا
یہی ہی ذکر صبح و شام لب پر — کہ ہو یارب مرا انجام [illegible]

مرا آئینہ دل ہی سراسر
وہ فوز زنگ عصیان سی مکدر

مجلا صیقل رحمت سی کر اب
کہ ہو شکل حقیقت جلوہ گر اب

نہین ہوتی اگر بخشش کی لائق
ترا لطف و کرم ہی سب پہ فائق

اگرچہ ہین گنہ میری شتابار
کرم تیرا ہی خورشید پر انوار

جہانمین ہی نہین مجھسا گنہگار
نہین تجھسا کوئی ستار غفار

بہت کچھ نعمت دنیا مجھی دی
گناہون پر نہین میری نظر کی

سجا لاؤن کہانتک شکر تیرا
نہین ہرگز رسا کچھ ذہن میرا

پر اب مین چاہتا ہون ایسی توفیق
رہی قائم جو تا روز قیامت

نہین تیری سوا ایسا کوئی اور
کری حاجت روا میری جو فی الفور

کرم سی تیری ہی امیدوار ہی
یہی ہی مجھکو ہر دم خواستگاری

کہ نیکی سی ہو مقصد کا سرانجام
جہانمین تا کہ میرا نیک ہو نام

نہ کہہ رحمت سی اپنی دور مجھکو
سمجھ بیچارہ و مجبور مجھکو

عطا کر ایسی کچھ طاقت زبانکو
کرون خوبی سی نظم اس داستانکو

دعا مقبول ہو ای رب غفار
بحق مصطفے و آل اطہار

نعت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی جسنی ہدایت اور شفاعت بنی آدم کی

محمد رہنمای انس و جان ہی
رسول کبریای دو جہان ہی

وہ ہی مہر سپہر رہنمائی
محب بارگاہ کبریائی

وہ مقبول جناب کبریا ہی
شفیع مجرمان روز جزا ہی

زہی رکن رکین دین بنیا ہی
کلید مخزن سر الٰہی

لقب ہی سید کونین ذیشان
خدا قرآن مین ہی اسکا ثنا خوان

ہوا دنیا مین یہہ رتبہ ہی کسکا
سر عرش برین پایہ ہو جسکا

کئی پیدا قوانین شریعت
عیان جس سی ہوا راز حقیقت

ہوئی کیا زینت آدم ہی اوسی
بنا ہی دین ہوئی محکم ہی اوسی

اوسیکا پاس خاطر تھا خدا کو
کیا پیدا جو اس ارض و سما کو

جہانمین جو کہ ہین ارباب ایمان
کتاب دین ہی اوسکی ہین سبق خوان

بیک انگشت اوسنی کر اشارہ
کیا اعجاز سی مہ کو دو پارہ

شب معراج وہ حکم خدا سی
ہوا عازم تو پھر گذرا سما سی

سواری مین براق برق کردار
فرشتون نی بنائی جسکی رفتار

ہوا قربان و سیر چرخ ہفتم
کیا اوسنی نثار نقد انجم

ہوئی قربت جناب کبریا سی
ہوا فائق تمامی انبیا سی

ہوئی عقدی جہانمین جو کہ لا حل
کئی اعجاز سی سب تا باحل

نبی ایسا کوئی دنیا مین پیدا
نہ تھا آگی نہ اب ہی اور نہ ہوگا

نہین ہرگز یہ طاقت ہی زبانکو
جو نعت مصطفے کچھ ہی بیان ہو

نہین تعریف کا مجھکو ہی یارا
کرون اب عرض مطلب آشکارا

دعا میری یہ ای شاہ امم ہی
مجھی بھی تجھسی امید کرم ہی

مجھی درکار ہی اب رہنمائی
کہ اب میری ہی کچھ عقدہ کشائی

کہ لطف عام تیرا مجھپہ اب ہو
جو ہی مقصد مرا حاصل وہ سب ہو

مدح بادشاہ جمجاہ سلطان عالم ہی جو باعث آسایش جان عالم ہی

زمانی پر ہوا جب فضل باری
چلی ہر سمت باد نوبہاری

ہوا شاہ اودہ وہ شاہ عادل
نہین جمشید بھی جسکی مقابل

شہ والا تبار و نیک اختر
سزاوار نگین و تخت و افسر

زہی واجد علی سلطان عالم
تن جود و سخاوت جان عالم

وہ ہی خورشید اوج بادشاہی
مجسم سایہ ہو ظل الٰہی

خدا نی یہہ دیا رو ہی دل افروز
خجل ہین ماہ و خور جسسی شب و روز

شرف اوسکی سی پایا تخت نی جب
دعا گویان ہوئی اہل جہان سب

زر و یاقوت سی ہی تخت پر نور
ہر اک پایہ چمک مین شعلہ طور

جو پہونچا تا فلک فرمان شاہی
تہ فرمان ہوا مہ تا بماہی

ہوئی دربان در فغفور و قیصر
بنا آئینہ دارا اوسکا سکندر

سران شہریار ہفت کشور
جھکاتی ہین سر اوسکی آستان پر

کیا آراستہ اوسنی جہان کو
زمین ہی رشک آیا آسمان کو

نسیم فیض شہ سی رنگ و بو ہی
کہ رشک خلد شہر لکھنؤ ہی

گہر ریزی جو کی دست کرم سی
کیا آزاد محتاجون کو غم سی

یہ دست فیض ہی اوسکا گہربار
کہ حاتم اوسکا ہی اک کیسہ بردار

عدالت کا یہہ اوس کی نشان ہی
کہ دزد اسباب کا خود پاسبان ہی

زبس کہتا ہی وہ طبع سخندان
کہی ہی مثنوی بہی اور دیوان

ہراک علم و ہنر کا قدرداں ہی
کوئی جوہر نہیں اوس سی نہان ہی

اوسی منظور ہی آرائش خلق
کہ ہی مدنظر آسائش خلق

جمعیت ہوئی ہر اک کو حاصل
ہوا ہر شخص اپنی فن مین کامل

دعا میری یہی شام و سحر ہی
خدا سی مجہکو امید اثر ہی

رعیت کی یہ سلطان سی بجان ہی
جہان مین وہ رہی جبتک جہان ہی

بیان سبب تالیف کتاب مین از عجز خدمت احباب

اوسی سلطان کا تہا مین بہی نمکخوار
شباب عمر تہا اور ذوق اشعار

طبیعت تہی غزلگوئی پہ مائل
کہ تا ہو کچہہ مذاق شعر حاصل

بہت شعر و سخن سی حظ اوٹہایا
جو میڈو لال زار اوستاد پایا

وہ منشی بی بدل ہین اس جہان مین
فسون ہی اونکی بس کلک زبان مین

زبس فطرت اونکی عمان سخن ہی
جہان مین اونکا فیضان سخن ہی

زبان کو اونکی ہی کار فصاحت
کلام اونکا ہی گلزار فصاحت

بلاغت مین ہی اک شاگرد اونکا
اونہین کی فیض سی سحبان ہی گویا

مین سب مین کمتر اونکی خاک پا ہون
تخلص اپنا مین کہتا فضا ہون

بہت کی صرف اسمین اپنی اوقات
پہر آخر دلمین ٹہیرائی یہی بات

کہ کر دلچسپ کوئی قصہ منظوم
بیان وہ ہی ہو جس سی معلوم

رہی کچہہ یادگار دوستان بہی
نہو جس وقت میرا کچہہ نشان بہی

اسی تجویز مین تہا تہا وہ سوز
طبیعت پر خیال آیا یہ اک روز

کہ گذرا شاہ ملک خوش کلامی
سخندان سخن پرور نظامی

وہ تہا اک بحر معراج بلاغت
سوار عرصہ حسن فصاحت

لکہی اک مثنوی دلچسپ و نیکو
بیان ہی قصہ شیرین و خسرو

زبان فارسی مین جو بیان ہی
زمین شعر مین دریا روان ہی

ہر مضمون کی قیمت کا یہ ہی رنگ
سخن کی جوہری جسمین ہین بیرنگ

یہ جی چاہا کہ ہندی زبان ہو
تو آسانی سی حظ دوستان ہو

بہت ہی ہند مین ہندی کا چرچا
کہ مشکل ہی سمجہنا فارسی کا

اگر یہہ امر بہی دشوار تر تہا
ولیکن قول یہہ مد نظر تہا

سبکساری کہ ہمت بستہ گردد
اگر خاری بود گلدستہ گردد

غرض اب یہہ فضائی دلشکستہ
بیان کرتا ہی مطلب بستہ بستہ

کہ عالی طبع جتنی ہین سخنور
سمجہ لی بات یہہ روشن ہی اونپر

کہ فن شاعری ہی سخت مشکل
نہین پیدا ہی اس دریا کا ساحل

شناور ہو اگر کتنا ہی مشتاق
رسائی تا بساحل ہی مگر شاق

ہزارون اسمین غوطی جبکہ کہائی
دُر مقصود شاید ہاتہ آئی

نہین ماہر مین اسکی رہگذر سی
کیا تصنیف اسکو اس نظر سی

کہ جتنی شایقان داستان ہین
صفا اندیش طبع داستان ہین

فقط اس داستان سی حظ اوٹہائین
مری اس ہیچ گوئی پر نجائین

جہان کچہہ عیب اسکا ہو نمایان
کرین وہ دامن بخشش مین پنہان

بدی کو دور کردین نیکنامی
بقول نیک مولانای جامی

اب آغاز داستان ہی سحر جسکا بیان ہی

بقدر وسع در اصلاح کوشند
اگر اصلاح نتوانند پوشند

پلا اب ساقیا ایسی کوئی می
باسانی مسافت جسمین ہو طی

بہت مشکل جو نو طرز سخن ہی
مجہی در کار صہبای کہن ہی

لکہون ایسا مین اک افسانہ عشق
کہ پیدا ہو دلونمین دانہ عشق

ہوا سابق مین جو کوئی سخنگو
بیان کرتا ہی یون اس داستانکو

کہ تہا نوشیروان سلطان عادل
سپہر معدلت کا ماہ کامل

ہوا جب دور دولت اسکا آخر
ہوئی شام اجل موجود و حاضر

جو مہر زندگی مغرب مین آیا
تو بس کو وہ عدم مین منہ چہپایا

پسر ہرمز جو تہا با جاہ و تمکین
ہوا رونق دہ اورنگ زرین

نبہایا اسم و آئین پدر کو
سبہی دنیا مین لازم ہی پسر کو

عدالت سی کیا ہر اک کو راضی
غم کسری ہوا عالم سی ماضی

کسی شی کی نہ اوسکو جستجو تہی
مگر دلمین پسر کی آرزو تہی

اسی غم سی ارہتا تہا غمگین
سمجہتا ہیچ تہا سب جاہ و تمکین

ہمیشہ دلسی باصد کامرانی
فقیرون کی وہ کرتا میہمانی
نیاز و نذر کی جب اوسنی پیہم
ہوا فضل خداوند دو عالم

اثر دیکھا فقیرون کی دعا سے
ہوا امید افضل خدا سے
منور حسن سے روی پسر تھا
پسر تھا یا کہ وہ رشک قمر تھا

رخ انور سے روشن فر شاہی
جبین سے تھا عیان نور الٰہی
جو دیکھا شہ نی اوسکا روی تابان
ہوا قدرت کا ایزد کی ثناخوان

کیا تجویز شہ نی شادمان ہو
کہین سب خسرو پرویز اسکو
اوسی رکھتی تھی دایہ بر مین شادان
پلاتی شیر تھی باشکر جان

وہ رکھتی حفظ مین جانسی فزونتر
صدف رکھتی ہی بر مین جیسی گوہر
جو بزم شہ مین آتا گل کی مانند
تو ہوتی محو سب بلبل کی مانند

لگا چلنی جو پانون سے خوش اقبال
محبت مین لگی دل ہونی پامال
ہوا جب پنجسالہ وہ شکر خا
مذاق قند تھا باتون سی پیدا

دم گفتار ہوتا تھا شکر ریز
اسی سی تھا لقب اوس گل کا پرویز
ہوا شہزادہ جب در ہفت سالہ
تو باہر پانون خوبی نی نکالا

عزیز دل تھا از بس وہ شکر لب
سمجھتی یوسف مصری اوسی سب
بٹھایا شہ نی اوسکو پیش استاد
کہ قید علم ہوتا طبع آزاد

جو مکتب مین اوسی کچھہ روز گذرے
ہوا وہ بہرہ ور علم و ہنر سے
جو تھی پہلی ہی لعل اوسکی شکر خا
ہوئی قند مکرر پہر سراپا

ہوا سال دہم جب اوسکو آغاز
رہا لہو و لعب سے ہر طرح باز
ہوا قادر وہ جب علم و ہنر پر
تو رکھا ہاتھ پہر تیغ و تبر پر

ہوا جب پہلوانی پر وہ مائل
کئی ہر پہلوانکی ہوش زائل
علم کرتا تھا وہ شمشیر جسدم
تو کر لیتا تھا بس قبضی مین عالم

کبھی جس پہلوان سے متفق ہو
نکر سکتی تھی وہ اوسکی کمانکو
شکار افگن جو ہوتا تھا وہ یکجا
دبکتی شیر سے تھی مثل روباہ

ہوا شہزادہ ہر اک فن مین کامل
دلیر و پہلوان ہشیار و عاقل
وہ پہونچا جب بحد چاردہ سال
ترقی پر تھا اوسکا جاہ و اقبال

بزرگ امید نامی مرد دانا
کہ تھا دانش مین یکتائی یگانا
اوسی معلوم تھا علم ریاضی
بتاتا حال استقبال و ماضی

بہت سیر اوسنی کی تھی اس جہانکی
خبر رکھتا زمین و آسمان کی
وہ ہر فن مین تھا از بس مرد کامل
اوسی حکمت سے بھی وہ تھا حاصل

غرض خسرو کو باصد مہربانی
بتائی اوسنی راز آسمانی
پڑہی خسرو نی سب قانون حکمت
ارسطو کی ہوئی حاصل طبیعت

بسبب صحبت کے اوسکی صبح اور شام
نہ شہزادہ کو خوش آتا کوئی کام
جو دیکھا شہ نی خسرو کو ہنرور
تو رکھتا جان سی اپنی فزونتر

پسر کی خیر تھی ہر دم جو منظور
کیا تھا عدل سی عالم کو معمور
منادی شہ کی تھی ہر روز و ہر شب
دل آزاری کا پیشہ چہوڑ دین سب

نہ رسم بد کا کوئی مرتکب ہو
نہ آزردہ کری کوئی کسیکو
نہ زور آور ضعیفون پر کرین زور
نہ ایذا پائی پامی پیل سی مور

نگاہ بد کسی پر جو کہ ڈالے
پڑینگی زندگی کی اوسکو لالے
کریگا جو کہ محتاجون پہ بیداد
تو ہوگا قید ہستی سی وہ آزاد

عدالت تھی جو یون شہ کی جہان مین
بہر صورت رعیت تھی امان مین

رہنا خسرو کا شکارگاہ مین اور حقیر ہونا باپکی نگاہ مین

پلا ساقی شراب ارغوانی
کہ تازہ جس سے ہو رنگ جوانی
چلی اکدن جو باد صبحگاہی
اوٹھا وہ سرو باغستان شاہی

کہ یعنی خسرو پرویز شادان
شکار افگن ہوا سوی بیابان
شکار و سیر کرتا رہا وہان
ہوا پہر دور سی اک دہ نمایان

شتابان گرد رہ پہونچا وہ خوشخو
نظر آیا وہان سبزہ لب جو
جو دیکھا مرغزار سبز و خرم
تو یاد آئی شراب سرخ اوسدم

وہ بیٹھا اوس جگہہ باہوشیاری
کیا آغاز شغل بادہ خواری
شکار افگن ہوئی وہان شاد جسدم
غزال مہر گردون کر گیا رم

رہا شہ منتظر تا آخر روز
اوٹھا سینی مین بیتابی سی اک سوز
کہ سارا روز گذرا ہو گئی شام
کیا خسرو نی کس جا آج آرام

اودہر تو شہ کو خواب آیا نہ زنہار
خوشی سی تھا ادہر شہزادہ میخوار
پیاپی اوس جگہہ پینی لگا می
ہوا خواہان چنگ و بربط و نی

کیا تجویز بزم مین ایک خانه
ہوئی ترتیب بزم خسروانه

ہوئی وہان صحبت یاران ہمدم
چلا پیمانه صہبا دمادم

وہین حاضر ہوئی مطرب خوش آہنگ
لگی ہونی صدائی بربط و چنگ

قضارا اسپ شہزاده اک گریزان
گیا جو سبزه زار کشت دہقان

دو دم غوری غلام شاہزاده
که تہا بس شوخ چشم و مست باده

جو نکلا سیر کو وه شاد و مسرور
کئی باغون کی غارت اوسنی انگور

درخشنده ہوئی جب صبح پرنور
سیه کاری شب پیسر ہوئی دور

کیا تیغ شعاع مہر نی جب
قلم یکدست دست ظلمت شب

تو آیا خسرو سرمست کو ہوش
حقیقت کہ غلام اسپ کی گوش

ہوئی خوف پدر سی بیقراری
دو چندان ہو گیا سر اوسکا بہاری

جو تہی غماز اشرار سینه سخت
ہوئی حاضر حضور صاحب تخت

کیا یون عرض کاسی سلطان عادل
ملکزاده نی کی بیداد کامل

ہوا تہا صید گہ مین کل جو شب باش
ہوئی یا تہوڑ سی وسکی رسم بدفاش

که اسپ اوسکی نی کہایا کشت دہقان
ہوئی ہر دم نہایت تنگ نالان

غلام اوسکی نی توڑی شیشه چند
کیا ہرگز نه کچھه خوف خداوند

بزور اک خانه درویش لیکر
بیا کی بزم شاہی و نوش شب بہر

بجز شہزاده گر کرتا کوئی اور
تو شه کرتا نہین معلوم کیا طور

اگر کعبه سی ہو وی کفر پیدا
مسلمانی رہی کس طور برجا

ہوئی رسم عدالت کی تمامی
که آیا راست یه قول نظامی

زنند بر ہر گلی فضا و نیش
دلی سنتش بلرزد برگ خویش

ہوا آشفته یه شاہنشاه برہم
لگا غصی سی کہانی پیچ برہم

دیا لوگون کو اوسنی حکم جیسا
بمجبوری کیا اون سب نی ویسا

کیا گہوڑی کو لاکر پی بریده
ہوا پہر ایک جسپر آبدیده

بلا انگور کی مالک کو اوسجا
کیا وه بنده غوری حواله

بیا خسرو کا جسکی گہر مین تہا تخت
اوسی درویش کو بخشا وه سب تخت

ہوئی سب طبل تو کی سخت ناساز
شکسته کر دیا سب تار یا ساز

وه شیشه می کا جو تہا تہار امت
نصیب اوسکی ہوا سنگ ملامت

شہنشه کی علم تیغ غضب تہی
پہر اک دم شاہزادی کی طلب تہی

پدر خسرو کا تہا جو شاه عادل
کیا ہرگز نه اپنا حکم باطل

یہی تہا اوسکی شایان ریاست
که شہزاده په کی اتنی سیاست

غرض خسرو تہا اک سرو خرامان
ہوا ہیبت سی مثل بید لرزان

اوٹہایا سر نه پہر شمشیر تیزی نہار
دیا باخن ہی غم کی دلکو آزار

جو تہی شه کی بزرگان و اقارب
شفاعت کا ہوا ہر اک سی طالب

گنہگارونکی صورت بست بسته
حضور شه گیا دلگیر و خسته

نگنده ہو گیا وہان بر سر خاک
یہی کہتی لگا با چشم نمناک

که بس ای شاه گیتی گیر اب بس
عقوبت ہو چکی حاصل سبہی سب

اگر ہی حکم خونریزی بہی مجہپر
نہین طاقت که پہیرون حکم سی سر

سراپا امید الطاف شه ہون
اگرچه غرق دریای گنه ہون

ہوا شرمنده مین فعل سی اپنی
سراپا عفو و بخشش مین جگه دی

یه کہکر رکہدیا قدمون په سر کو
اوٹہایا پہر نه پہر چشم تر کو

بزرگون کو شفاعت کی تہی بہایت
کیا بہر گریه و زاری نہایت

یہی کہتی تہی شه کو لب بندگان
که واجب ہی سزا لیکن بخشیان

نہین شایان عدل شہریاری
جو لگڑی کی عوض ماری کٹاری

بہاتی سیل تہی ہر ایک کی چشم
بجہی آخر کو شه کی آتش خشم

جو کی خسرو نی اتنی بردباری
ہوئی ثابت نہایت خاکساری

تو جانا شه نی ہو گا صاحب جاه
که ہی اقبال و دولت اوسکی ہمراه

ہوئی پہر شه کی او سپر مہربانی
بٹہایا بر مین با صد شادمانی

بلاکر افسران فوج یکسر
کیا خسرو کی تابع فوج و لشکر

اوٹہا ہو کر کی خسرو ہا سی خوشحال
لگا ہردم دکہانی راه اقبال

خسرو کا خواب مین جانا اور نوشیروان سی بشارت پانا

پلا ساقی وه صہبا جو ہی طہارت
نوشیکی جس سی ہو دلکو بشارت

دکہاتا ہی فلک کچھه اور ہی رنگ
که آتا دلپه ہی اب عشق کا رنگ

ہوئی اکدن نمایان جنگ شام
تو وه شہزاده فرخنده انجام

ہوا عزلت نشین خلوتسرا مین
رہا مشغول وہان یاد خدا مین

جو گذری نصف شب کچھ رات افزون
یہ کہتا ہی کہ ای شیریں جگر بند
عوض اونہا پکی چیزین ملین چار
ملی معشوقہ شیرین تجہکو اب
کیا اگرچہ یہ تیرا سہوا
گیا گر مفت ہی وہ تخت تیرا
اگر مطرب گیا تیری سازندہ تیرا
علاوہ اسکی پائیگا بہت زر
یہ جانا اب ہوا ہی بخت بیدار
پلا ساقی تجھی اک دو ساغر
مستانہ خاص شہزادہ کیا تہا آر
لگا خسرو سی کہنی ہو کی خوشحال
وہانکی حکمران ہیں ایک زن ہی
نہیں طاقت کسی کی حاکم کی لی
سنو لیتی ہی جنس چارپائی
شمیران نام رکہتی ہی وہ خوشخو
ہمیشہ ہی فصل گل ہی جلوہ افروز
گذارہ کوہ ارمن میں ہی گرما
ندیکہا حسن میں اوس کا ہمسر
خجل از بسکہ پیشانی سی ہی چاند
نگاہ غیر کا یہہ کب ہی یارا
خم ابرو سی گر اک تیغ زن ہی
لطافت آنکہہ میں دیتا ہی نرگس کا
عرق عارض کا گر عطر ربا ہی
مژہ ہین سلک گوہر سی ہین اونکی
نہیں نسبت ہی قند سی شکر کو
لب دندان کی لذت آسی پائی

تو دیکہا اوسنی یہہ خواب اب ہمایون
خدا رکہی جہانہین تجہکو خرسند
رہیگا آٹھون پہر تیر بہ غمخوار
کہ جسکی شکل ہیہ دلبر کوئی نیک
ہوا اوتو سنگدل اوس سی نہ زنہار
پر اب یاور ہوا ہی بخت تیرا
ضرور ہی نہ توئی منہ کو موڑا
نہ فرمان ہون ہیں بی صفت کشور

حسن شیرین کا بیان اور عشق خسرو کی داستان

کہو مطلب کا میری جو کہ یاور
جہانہ پہ نہایت سو شہانیک
کہ ہوا اقبال یاور تیرا امسال
کہ جسکی فوج سچ ہی موج زن ہی
کہ دیتی ہی خراج اسکو ہر سال
کنیزین جو ہین خیلو تو سراکی
نہیں ہاتہ ہی سبقت اونسکو
تو جہانتی ہی جانتین شہ شبو
بسر کرتی ہی ہو عیش میں ہمدم
بہت کا فرجہا جو ہی وہ دختر
نظر آتا ہی اوسکی شکل ماہ نو
کری جو حسن کا اوسکی نظارا
مزہ سی رو سہرا ہو کفن ہی
گیا دل جسپہ ہی معشوق کا چل
تو اک قطرہ سی شوخی بنائی
عجب موتی کی رکہتی ہی دہ کان
شکر ریزی ہی حال لعل تر کو
کبہی دندان مصری جیسی کہائی

کہرا تو شیروان پیش نظر ہی
ہوئی شائع جو چیزین تیری چاہ
غلام شکرین لب کی جدائی
اوٹھائی ہی جو تلخی ملامت
ملی شبدیز نام اک اسپ نیک سیر
ملی شاہانہ تجہکو تخت اسیا
ملی مطرب تجہی اک باربد نام
ہوا بیدار خسرو شاد و خرم
نہایت شاد شہزادہ تہا
جہانبین لگا ویسی کہنی شہا پر
کہ ستانگی اور ہر منزل
تمامی کشور ایران و ارمن
حصار اوسکی ہزار ہین ہر
نہیں رکہتی اگرچہ کوئی شوہر
ہر اک فصل ہوا ہین یہ اکثر
خزان ہوتی ہی جن میں ییلا
نہیں رکہتی کوئی فرزند دختر
پری ہی یا وہ دخت نازنین ہی
سیہ گیسو ہین اوسکی لیلۃ القدر
کہ ترک چشم دونون ہین سلحدار
پر اوس پہ بی نگاہ میکی تحریر
گل رخسار سی کہاتی ہین گل خار
نہیں کچہہ احتیاج دانہ و دام
اگر دیکھو چشم رست بینی
وہ شیرین لب کیونکر ملو لطہا
مسی مالیدہ دندان میں سراسر

وفور لطف سی دیتا خبر ہی
کیا تونی تحمل چار و ناچار
جو دل پر تونی اپنی بی دہائی
ملیگی اوسکی صحبت سی حلاوت
کہ جسکو دیکھ ہو پامی صبا لنگ
کرشا ہون کو میسر ہو نہ جیسا
نوا ساز ایسی جسکی زہرہ ہو رام
کیا شکر خدا اوندہ عالم
خلاف اسکی نہیں ہوئیگا زنہار
خیال خواب میں آشفتہ سر تہا
زمیں ہو نگری میں تہا وہ مشہور
بہشت سبز بہارن کی ہی حاصل
ہی اوسی زن کی حکومت پہ تعین
خدا جانی خزاین کسقدر ہیں
ولی رہتی ہی خوش و پاک گوہر
سکونت اپنی کی ہر جا مقرر
تو وہ انجا رہین رہتی ہی شادان
مگر ہی پاس اک دخت برادر
قمر و شرما سی جسکی جبین ہی
زرسی مویاف ہی یا لیلۃ البدر
نگہدار متاع حسن رخسار
کئی ہین ترک دونون پا بزنجیر
بہار سبزہ زار ہی حسن رخسار
کہ مرغ دل ہو خال و زلف سی رام
تہ بیشک فرد ہی خوبی میں یکتا
بنی ہی جاتی ہیں لب نگاہ گفتار
گوندہی ہیں رشتہ نیلی میں گوہر

لبون پر رنگ پان کا لطف دہرا
بدخشان مین پڑا ہی جسکا شہرہ

اگر دیکھی کبھی چاہ زنخدان
تو قیدی چاہ ہی ماہ کنعان

صراحی بلورین ہی وہ گردن
نپائی حور نی یہ خوبی تن

دکھا کر نازسی ہر ایک شانہ
کری دل تیر مژگان کا نشانہ

نہین ہین بال شانون پر نکالے
کہ لپٹی شاخ صندل مین ہین کالے

وہ دیکھی شمع سان جسنی کلائی
نہ پروانہ صفت اوسکو کل آئی

خجل ہی پنجہ رنگین سی مرجان
جگر خون اوس سی ہی لعل بدخشان

جو دیکھی حور اوسکا سینہ
نکل آتی خجالت سی پسینہ

وہ پستان ہین بہشتی تازہ دو سیب
کسی کی ہاتہہ کا پہونچا نہ آسیب

کسی کا دست سعی ونپر اگر ہو
اوسی حاصل جوانی کا ثمر ہو

بیان کیفیت محرم ہو کیونکر
کہ فکر و وہم نا محرم ہی یکسر

شکم اوسکا ہی شکل آینہ صاف
ہی اوسکی ناف شہر حسن کی ناف

کرون مین ذکر کیا اوسکی کمر کا
فقط اک وہم ہی تار نظر کا

نہ زیر ناف یارا ہی گذر ہی
پہسلتا اوس جگہہ پائی نظر ہی

زبس ہی ساق سی شرمندہ بلور
ہوا ہی نور اوس سی شعلہ طور

اگر وہ پاؤن رنگین دیکہہ پائے
تو زاہد اپنی آنکھون سی لگائے

نہین رنگ حنا سی پاؤن مین لال
کیا ہی خون عاشق اوسنی پامال

بدن پر اوسکی پوشاک زری ہی
نہ اوس سی حور کو تاب ہمسری ہی

جڑاؤ پہنی ہی زیور بدن پر
منور گرد مہ ہون جیسی اختر

ہزارون دختران ماہ پیکر
رہا کرتی ہین خدمت مین مقرر

پرستار اوسکی سب شہزادیان ہین
ہمیشہ ہم حکایت ہمزبان ہین

وہ ہین بلبل صفت اوس گل کی دلسوز
کمربستہ ہین خدمت مین شب و روز

کوئی رکھتی ہی پاس اپنی دف و چنگ
اوڑاتی رشک سی زہرہ کا ہی رنگ

ادا و ناز ہین اونکی نرالے
پہرا کرتی ہین سب سینہ ابھالے

جوانی پر وہ سب ہین نار پستان
بسان کبک چلتی ہین خرامان

گلی مین ڈالکر باہمدگر ہاتہہ
چلین اٹکھیلیون سی سبکی ساتہہ

وہ بت چلتی مین اونکی یون ہی ہمراہ
نظر ہالی مین آتی جسطرح ماہ

ستم ہی ناز سی اوسکا آنا و جانا
غضب ہی لڑکھڑانا مسکرانا

کری ابرو سی عاشق کا جگر چاک
تبسم سی نمک چہرکی وہ بیباک

برنگ گل سدا رہتی ہی خندان
سر شک عشق سی ہی پاک دامان

بسر کرتی ہی خوش خرم زندگانی
ہی طغیانی یہ بحر نوجوانی

میسر دیکھیے کیونکر ہی ہونا
بشر کو اس پری کی ساتہہ سونا

غرض یہ شکل ہی وہ غیرت حور
سراپا تن ہی اوسکا طور پر نور

صفت شبدیز سبک خیز کی

وہ بت رکھتی ہی اک شبدیز شبرنگ
کہ آگی اوسکی پاؤن ہی ہم ہی لنگ

تگ و دو اوسکی از بس ہی سبکتر
پہاڑی اوسکی پا سی باد صرصر

مہ نو سی فلک با ارجمند ہی
کری ہر ماہ اوسکی نعلبندی ہی

فلک پر ابرسان گر ہو روانہ
نہ لائی تاب برق تازیانہ

شناور یون ہو دریا مین شتابی
کہ جیسی آشنا ہو مرغ آبی

نہین تشبیہ مہ اوسکو گوارا
کہ پیشانی پہ اوسکی ہی ستارا

فلک اک دن مین اک چکر ہی کہاتا
وہ اکدم مین ہی سو چکر لگاتا

مشبہ گر کرون گردون سی اوسکو
بدن اوسکا خجالت سی عرق ہو

پری نی ہی اوس سی ہمسری کی
کہ ہر عنقا مین ہی صورت پری کی

ندیکھا خلق مین شیرین سا محبوب
نہین شبدیز سا ہی توسن خوب

کیا شاپور نی یہ حال اظہار
ہوا اک فتنہ خوابیدہ بیدار

خسرو کا صبر و ہوش کھونا اور شاپور کا روانہ ہونا

ہوا سنتی ہی خسرو ایسا مشتاق
کہ ویسی صبر کی طاقت ہی طاق

سنا کیا اوسنی شیرین کا فسانہ
ہوئی تلخ اوسپہ سب عیش زمانہ

مذاق ذکر شیرین تہا لبون پر
سمجہتا تہا یہی قند مکرر

لگا شاپور سی کہنی وہ خوشخو
کہ ای مرد خرد ور میری دلجو

یہ افسانہ جو تونی ہی سنایا
بلا ہی تازہ میری سر پہ لایا

رگ جان پر لگایا ہی جو نشتر
تو رکہہ کچھ مرہم تدبیر اوسپر

مجہی لازم ہی اب محنت اوٹہانا
طرف شہر بت شیرین کے جانا

پہونچتی ہی ہانکی پہر تو اوسکا حال
کسی حیلی سی کر دریافت احوال

که وه یکتا ہی ملک خوش ادائی
ذرا بہی ہی اسمین کج ادائی
ریاض عمر مین وه رشک شمشاد
رہی کب تک برنگ سرو آزاد
محبت سے وه بت رشک پریزاد
کرے گر میل سوے آدمی زاد
تو دم کر اوسپہ افسون محبت
کر اوسکی لوح دلپر نقش الفت
اگر وه شمع رو کچهه موم دل ہو
تو مجهه پروانه سان کا حال کیا ہو
اگر وه بت نہایت سنگدل ہو
تو کیون حسرت مین اپنا تنگدل ہو
غرض اس حال سے جلدی خبر دے
که ہی حالت دگرگون میری غم سے
یه سنتی ہی وه شاپور خردور
لگا یون عرض کرنی سر جهکا کر
که اے شہزادهٔ عالم جوان سال
رہے قایم ہمیشه تیرا اقبال
ترا بنده ہون جان و دل سے غمخوار
نہین ہے جز اطاعت سے سروکار
اگرچه سامنے ہون شیر و اژدر
نه تیرے حکم سے پهیرون کبهی سر
مجهے حاصل ہے فن صورتگری کا
اوتارون صاف مین نقشه پری کا
جو کهینچون ساده مین تصویر رنگین
اوڑے حیرت سے رنگ وی رنگین
جو مانی تها که تصویرین کهینچے
مرقع خاک مین اپنا ملا دے
تری تصویر اوسکو جا دکهاون
تعشق کا تری نقشه جماون
سوا اسکی کرون ایسی مین تدبیر
که ہو وه صید وحشی تیر تسخیر
اگرچه یوسف کنعان ہے وه ماه
زلیخا وار پر تیری کرے چاه
چلون گر تیر سان یہان سے سبکسار
نه اک چلے مین پہونچون تو خطاوار
جو مسکن اوسکا ہو عرش برین پر
تو لا حاضر کرون اک دن مین پر
پهر صورت مین کام اپنا کرونگا
خبر دونگا اگر جیتا رہونگا
ہوا یه کہکی رخصت ہان سے شاپور
کیا عزم سفر پهر شاد و مسرور
نه لیتا راه مین مطلق تها آرام
که چلنے کا اوسی تها رات دن کام
بیابان در بیابان طی جو کی راه
تو پہونچا ملک شیرین مین ناگاه
خبر اوس بت کے پوچهی وہان جو الحال
ہوا دریافت لوگون سے یه احوال
که تابستان مین وه بت رشک گلشن
ہوئی رونق فزای کوه ارمن
تو پهر شاپور پہونچا تا سر کوه
ہوا وہانکی ہوا سے دور اندوه
روان تهے ہر طرف باد بہاری
خرامان تهے تدرو کوہساری
وه سبزه ہر طرف سرسبز و شاداب
که جس سے دیده بینا ہو سیراب
زبس رنگ شقایق جوش زن تها
شجر ہر ایک گلگون پیرہن تها
زمرد گون درختون کی ہر اک ڈال
که طوبی کی کمر مین ہاته دے ڈال
نظر آئے عجایب اوس جگهه سیر
بنا وہان سنگ خارا سے اک دیر
مکان تها وه پرستشگاه ابدال
گیا شاپور بهی وہانتک خوشحال
ہوا سے وه خواہان ہدایت
سنی اوس قوم سے نادر روایت
که نیچے دیر کی پیدا ہے اک غار
وہان سنگ سیه اک ہے نمودار
لگا ور ماده اک مستی مین آکے
دوان آتی ہے وحشت سے مکان کے
خوشی سے اوسکو جب ہوتی ہے حاجت
برائے حمل گر کرتی ہے رغبت
قریب اوس سنگ کے شہوت مین آکر
مقام خاص کو ملتی ہے اوسپر
تو رہتا حمل ہے حکم خدا سے
عجب کچهه کارخانے ہین خدا کے
وه بچه ایسا جنتی ہے پس سال
نه پہونچے باد صرصر جسکی دنبال
سنا یون ہے که شبدیز سبک پے
اوسی سنگ سیه کے تخم سے ہے
رہا شاپور یه سنتے ہی حیران
ہوا وه صنعت حق کا ثناخوان
لگا پهر پوچهنے لوگون سے وہان کے
که تهے واقف وه حال بوستان سے
که کس گلشن مین وه رشک چمن ہے
لئے ہمراه صدہا گلبدن ہے
تو لوگون نے مفصل کہه سنایا
مکان گلگشت کا اوسکی بتایا
که نیچے کوه کی اک بوستان ہے
بہار سبزه و آب روان ہے
سحر کے وقت وه سب رشک شمشاد
وہان ہونگی خرامان بادل شاد

شاپور کا باغ مین جانا اور تصویر خسرو کی شیرین کو دکهانا

چلی جسدم نسیم صبحگاہی
بجا نوبت بنوبت کوس شاہی
نه پہونچین تهین بتان فتنه انگیز
که پہونچا جلد شاپور سحرخیز
چلا اک صفحهٔ قرطاس لیکر
که کهینچی صورت خسرو تهی بہتر
گیا لیکر شبیه با تمثال
اوسی گلشن مین پہونچا جا کے فی الحال
وه کی تصویر اویزان شجر سے
ہوا بعد اوسکی خود غایب نظر سے
وه پریان سبکی سب تهین آتین
عجب کیفیتین اپنی دکهاتین
وه مست حسن تهین جب آن پہنچین
پری خانه ہوا سارا گلستان

دکھا کر کوئی اپنی آپ پہچان
دل سنبل کو کرتی تھی پریشان
دکھا کر کے وہ حسن کا باغ
کیا تھا لالہ خوبیں کا دل داغ

ہوا محرم سے خالی تھا وہ گلزار
نہ تھی جز بوی گل واں تک غبار
سراک تھی بی حجابانہ خراماں
کوئی رقصاں تھی اور کوئی غزلخواں

بچھا تھا واں جو فرش سبزہ تر
وہ گلگوں پیرہن بیٹھیں اوسپر
خوشی میں آکی پیتی تھی کوئی مے
اوٹھاتی نشہ مے میں کوئی لے

وہ شیریں اون گلوں میں شاد و خورسند
مریں ہیچ کو نایاب گلقند
نہایت حسن میں اپنی تھی مغرور
وہ تھی نزدیک اپنی کچھ بہت دور

غرور حسن سے جب سر اوٹھایا
پڑی ناگہ نظر تصویر پر جا
پریرویوں سے بولی اسکو لاؤ
مجھے تصویر یہ لاکر دکھاؤ

کسی نے لاکی وہ صورت دکھائی
تصویریں سے جو صورت نظر آئی
کیا صورت کا اوسنے جب نظارا
ہوا اوس میں محبت کا گذارا

وہ تھی تصویر یا سایہ پری کا
گئی بھول اپنا شیوہ دلبری کا
ہوئی یہ صورت دیوانہ اوسکی
پری وہ ہوگئی دیوانہ اوسکی

اوداسی ہاتھ جب اوسکو لگایا
پسینہ شرم سے سینے پہ آیا
جو کوئی اور پاس اپنی چھپائی
تو پھر وہ سامنے اپنی منگائی

نگہباں ہوگئیں سب اوسکی ہشیار
کہا شیریں نے ہو جائیگی گرفتار
پھر اوس تصویر کی پڑنے اوڑائی
نظر میں تا نہ شیریں کی وہ آئی

اوڑاتا کسقدر یہ عشق بیباک
کرے تصویر عاشق کی بھی چاک
کہا شیریں نے وہ صورت کہاں ہے
وہ بولیں اب تو نظروں سے نہاں ہے

سہاں آسیب بھی ہر وقت پیدا
نہیں بنا مناسب آدمی کا
یہ بہتر ہے چلیں یہاں سے کہیں اور
ہوا کہا ئیں کسی جا اور چل کر

دعائیں سیکڑوں شیریں کو پہچم
کیا صحرا سے آہو کیطرح رم
کہ اتنے میں نہاں ہوگئی یہ شام
کیا اور اک چمن میں جاکی آرام

وہ شاپور اٹھا وہاں اک سحر کی

دوبارہ شاپور نے تصویر دکھائی کہ شیریں تھی حیران

پریزادوں کی کیفیت نظر کی

جو نکلا چرخ پر مہر دل افروز
درخشاں ہوگیا پہر صبح روز
جدہر کو اون بتوں کا تھا ارادہ
گیا شاپور جلد اوس سے زیادہ

دوبارہ ویسی ہی تصویر شاہ لے
وہاں پہونچا تو ویسی جاکی پہلی
دکھایا تھا جو اول نقش دلجو
تھا کچھ فرق اوس سے یکسر مو

پر ستو پر اوسکو آویزاں کیا واں
کمینگہ میں ہوا پہر آپ پنہاں
ہجوم گلرخاں اتنے میں آیا
نیا انداز پہر اک نے دکھایا

خوشی سے ہی نالے زنیاں قصب پوش
چمن میں تھیں [illegible]
رواں تھی جو وہاں باد بہاری
لگیں کرنے تماشا [illegible]

ہوئیں فرصت میں جب مشغول بازی
نظر آئی وہی نیرنگ سازی
جو پہر شیریں نے دیکھا آنکھ اوٹھا کر
نظر ٹھہری اوسی کاغذ پہ جاکر

رہی بس صورت تصویر حیراں
ہوئی ہیبت سے شکل بید لرزاں
لگی کہنے وہ از روی تحیر
کہ ہے تصویر یہ یا ہے تصور

یہ فرمایا کسی کو گو وہیں جا جلد
یہ صورت پہر بھی لاکر دکھا جلد
گئیں لیکن وہ صورت واں چھپا لی
تماشا اوسکی وہ پہر کر نہ لائی

کہا پہر یار یہ نیرنگ سازی
پری یا جن کی ہے یہ [illegible] بازی
[illegible]
[illegible] افشان خزان

کہیں تو کیا اسے [illegible] کا نام
کیا اوس جا بتوں نے جاکی آرام
جو نکلا چرخ پر [illegible] سپیدہ [illegible]
[illegible] آخر ان لیلکی ہمراہ

پریرویوں نے شب [illegible] گذاری

سہ بارہ شاپور نے تصویر دکھایا اور شیریں کو عاشق بنایا

شب [illegible] تھی اور بادہ خواری

جو خورشید نے چادر شب کو اوتارا
کیا خورشید نے اپنا گذارا
[illegible] سحر کا بہار
[illegible] ہی گرانبار ہی اوتار

وہاں سے [illegible] سحر کو
رواں [illegible]
[illegible]
[illegible]

مسلح [illegible] نگاراں
شفق [illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

مسلسل ہر طرف آب روان تہا
بت شیرین نی جب دیکھا یہ سامان
گیا اوسی پہ صنعت کہانی
وہ بیخود ہوکی جا پہونچی اوسی جا
جو دیکھا اپنا عکس ہی تابان
ہوئی تصویر پہ شیدا وہ گلفام
عجب نقشہ تہا نقش جانفزا کا
جو دیکھا اون پریرویون نی یہ طور
نہین یہہ کام ہی جن و پری کا
جو پایا اون پریرویونکو دلسوز
لگی کہنی بہتون سی وہ گل اندام
غرض با صد نشاط و ذوق و شوق سے
و فور نشہ مے مین طرب سے
اوسی دریافت کرنا تہا جو احوال
کیا دریافت سب نے ہر کسی سے
کہ ای چرخ ستمگر کیا سمائی
وہی شاپور مشکل سیہ خوان تہا
پری پیکر نی جو دیکھا اوسکو جاتے
فلک کی غور کرسا تو ستارے
کہا پنڈت نے آگی اب سخانہ
کہان واقف تہا ان باتون سی نوکر
چلی سنتی ہی وہ گہبرا کی فی الحال
پریشان سر بسر زلف معنبر
یہ کی حسن بت شیرین نی تاثیر
کہ ای بیگانہ وش اکدم ٹہر جا
وہ تعریف پری لایا زبان پر
ہوا حیران تیر کس جانب سی آنا

وہ میدان بیابان سبزہ زار تہا
لگی پینی وہ مے با روی خندان
شجر سی پہر وہی صورت لگا کر
اوٹہایا تب وہ نسلی پی اوسکو دیکھا
رہی بس شرم سی سر در گریبان
پری ہوتی ہی جیسی نقش ستی کام
ہوا تعویذ جان وہ دلربا کا
بت شیرین کا پایا حال کچھ اور
وہ کیا جانین یہ شعبدہ دلبر کا
ہوئی خوش لیکن وہ ماہ دل افروز
گیا سب دل سی صبر اور آرام
لگی کرنی پرستش سب جو تہی
ہوس بوسہ کی کرتی اوسکی لب سے
کنیزان پایا بہلا مین فی الحال
پتا اوسکا نپایا پر کسی سے
جو تو نی یہ بلا پیچہی لگائی
کہ بیگانہ صفت اوسجا روان تہا
لگی کہنی وہ اون سب مہوشون سے
وہ شاید پتہری سی کچہ پچہاری
جو کچہ پوچہین سو وہ ہمکو بتاوی
مگر جلدی مین نسی کیا کہو مین
کہ اوسکی لب پا ہین مثل خلخال
کہ جس سی جا نشست تہا سارا معطر
بنا حیرت سی وہ پتہر کی تصویر
یہان مطلق نہ اندیشی کی تہی جا
پری نی اوسکو بہلایا و ہرچند
اور اسکی منتظر ہی کس سمت جانا

اور وہ صحرا جہان سبزہ تہی سو
اوسی گلشن مین وہ تہا ایک پیا قل
نزول جسم پری شیرین کی آکر
زبس قرطاس صورت پہ بہلایا
جو پایا آپ کو پہلو بہ پہلو
ہوا تصویر سی وہ عشق کامل
محبت لیکن کچہ ایسی سمائی
پشیمان کار پیشہ سی تہین سب
جو بہون ہم حال سی اوسکی خبر دار
بنایا اون سبہون کو محرم راز
مقابل کہہ کی اس تصویر کو ہم
مگر سب سامنے کہنی کی یہ صورت
وہ دیوی سی آہین کچہ بہی نہ سر
کہ ہمشکل اسکا شاید کوئی آئے
غرض شیرین نہایت ہوئی بیتاب
وہ بت اسطور تہی حیرت سی و مستانہ
اگر ظاہر مین بیگانہ بنا تہا
کہ تم اس بیدخوا کی پاس جانا
پرستاری چلین سنتی ہی وہ شکل
سنایا یہ کہ تم جب حال تصویر
کنیزون نی کہا شیرین سی جاکر
غرور حسن سی کرتی ہوئی ناز
قیامت خیز تہی اور تیر کی جا
تبسم کر کی با صد عشوہ و ناز
یہ سنتی ہی پہر آگی اوسی جا
مدبر آ رہی وہ وزری وہ فسوں ساز
وہ بولا ہو جہان دیدہ جہان گشت

ادہر اوس نگار نہان کو ...
کہ تیہا یہ حسن پریزاد سنبل
سہی آئینہ سان حیران و ششدر
تہا اوسشکل آئینہ کیا تہا
رہا مطلق نہ دل پر اوسکا قابو
بشکل آئینہ رکہی مقابل
کہ اکدم اوسپہ بیہوشی سی چہائی
کہ رہی تہی ہر انگشت بر لب
کرین دریافت یکسر اسکا اسرار
کیا پہر قصہ حال دل آغاز
یہ تین اب عیش سی ساغر و جام
کہ ہوتی تہی ادہر کچہ لگی کدورت
لب پہ تہی دوان اشعار پر درد
پتا اس شکل کا کوئی لگائے
لگی کہنی یہ با صد رنج و افسوس
کہ گذرا اوس طرف وہ نقش پرداز
دلی باطن مین مرد آشنا تہا
حقیقت شکل کی اسکو سنانا
قریب بر ہمن پہونچین سب آکر
تو کی بیگانہ سان وہشی یہ تقریر
بتائی وہ جو تو پہونچی بلا کر
چلی مستانہ وہ شوخ خوش ادا
ہوا آخر دل وہ رشک کا پانا
بت طناز نی دی اوسکو آواز
مناسب وہ جگہہ پر کی بچانا
لگی یون پوچہنی اوس با صد ناز
کہ ای یاد و تو کی صد کوہ و صد دشت

بتاؤں میں تجھے موجود و معدوم
دقیقے سب یا معنی کے ہیں معلوم

لگا کہنے کہ اے سرمایۂ نور
رہے تجھسے ہمیشہ چشم بد دور

اشارے سے پری کے سب پری شان
ہوئیں سنبل صفت انسے ہم پریشان

کہ ہے شکل ایک شاہ نوجوان کی
ظفر لونڈی ہے جسکی آستان کی

شہنشہ خسرو پرویز ہے نام
کہ شہرہ حسن کا جسکی ہے تا شام

بوقت رزم اک شیر غرین ہے
میان بزم شوخ نازنین ہے

لب شیرین سے گر شکر شکن ہو
تو کوزہ قند کا گوش سخن ہو

جو لیتا ہے کبھی تیغ و سپر کو
عدو کرتے ہیں قربان اپنے سر کو

اوسے حاصل ہے جہد کامرانی
بہار تازۂ حسن جوانی

ولی اوسنے باین نگمین ادائی
نہیں کی اپنی اتک کتخدائی

ہوئی بت اسے ان باتوں سے ہوش
کہ گویا وہ ہمہ تن بنگئی گوش

غرض شاپور نے دیکھا جو یہ حال
کہ شیرین عشق خسرو سے ہے پامال

معمے میں جو تو کہتی ہے ہر بات
مناسب ہے کشادہ ہو کے کر بات

ملا ہے گر طبیب درد ہجران
تو کیوں کہتی نہیں کچھ درد کا درمان

کہ سن اے برہمن حال دل زار
کسی سے گر کرے ہرگز نہ اظہار

کہ اس تصویر کو جبسے دکھایا
طبیعت پر عجب ہے رنگ چھایا

چہ پوچھا ہے تو کچھ تدبیر ہے کر
مبادا حال ہو کچھ نوع دیگر

سخن یہ سنکے شاپور خردمند
ہوا دلمیں نہایت اپنے خرسند

لگا شاپور کرنے چارہ جوئی
نہ دیکھا چارہ کچھ جز راست گوئی

سخن میں راست لاتا ہوں بناہر
نگاہ رحم ہو پر میری جان تک

کیا حق نے مجھے ہر فن میں ایسا
ہنر تجھکو یہ دکھلایا ہے جیسا

باین حسن و جمال عالم آرا
ہوا ہے تجھپہ نادیدہ وہ شیدا

مجھے بھیجا یہاں قاصد بنا کر
دکھائی میں صورت اوسکی لا کر

فقط تصویر پر تیرا یہ ہے حال
اوسے دیکھے تو کیا پڑ جائے جنجال

نہ تنہا عشق از دیدار خیزد
بسا کیں دولت از گفتار خیزد

کہا سنکے کہ منت کش ہوں تیری
کر اب بہر خدا تدبیر میری

کہا شاپور نے اوس سے کہ اے ماہ
جو ہے اس شاہ سے تو کی تجھے چاہ

لگی کہنے وہ اے مرد خرد ور
بھلا اس شکل کا نقشہ بیان کر

ابھی اظہار اسکا تجھسے ہو جائے
جو خالی ایکدم غیروں سے ہو جائے

جو پایا اوسنے تنہا گلبدن کو
کیا آراستہ روسے سخن کو

جہان میں ہے وہ روشن مثل خورشید
وہ ہے اک یادگار نسل جمشید

جمال وہ ہے یوسف سے شنیدہ
مگر اوسکا بچشم خود ہے دیدہ

بچہار کہا ہے ایسا خلق کا دام
کہ جس سے ایک عالم ہو گیا رام

روان ہوتا ہے جسدم وہ تکاور
تو ہوتی ہے زمین لرزان سراسر

جو میدان ہے تو شوق لشکری ہے
شبستان ہے تو میل دلبری ہے

ہزاران مہوشان شوخ و طناز
رہا کرتی ہیں عشرتگہ میں دمساز

مبارک سخت ہیں اوس دلربا کی
جو سوتی ہیں وہ اوس رنگین ادا کی

رہے مشتاق یوں وہ رشک مہتاب
سنو جون تشنہ لب شبنم سے سیراب

لگا کہنے نہ کچھ سمجھا میں اسرار
کہے کس بات سے تو دل گرفتار

بہت دشوار ہے پھر اسکا پانا
جو پایا پھر عبث مطلب چھپانا

پری رو نے جگہ دیکھی جو خالی
لگی کرنے وہ یوں شیرین مقالی

سنا یوں کون تھا یہ نقش پرداز
ہوا اسطور سمجھ پر جو فسون ساز

ہوئی اسطور سے اسپر سخن گو
بجا اے جی رہا کرتی ہوں جو

کرے گا درد کا میرے جو درمان
رہونگی عمر بھر تیری ثناخوان

کہ محنت میں جو اپنی اوٹھائے
تو بارے راہ مقصد میں پائے

کیا یوں عرض اوسنے مہ لقا سے
بر آئیں تیرے سب مقصد خدا سے

جو صورتگر کی تجھکو جستجو ہے
یہ بندہ ہے جو حاضر روبرو ہے

وہی خسرو جو شاہ نوجوان ہے
سدا اقبال اوسکی ہمعنان ہے

بجز تیرے نہیں چاہش ہے کچھ اور
طبیعت کا ہوا اوسکی عجب طور

نہیں نقشہ یہ خسرو کا دکھایا
تصور میں وہ گویا خود ہی آیا

غضب ہے گی وہ اوسکی خوش کلامی
کہ سچ ہے قول مولانائے جامی

اوسیکی گر تجھے اب جستجو ہے
تو پھر کیا اسمیں جائے گفتگو ہے

جو کی تو نے یہ تقریر پر فسون
ہوا دلمیں حساب عشق افزون

ارادہ صید گہ کا کر کے اظہار
سواری میں تو ہمرہ شبدیز رہوار

اوڑیگا تجھکو لیکر وہ سبکتر
بشر کیا تجھکو پائیگی نہ صرصر

روان سوی مداین ہو یہانسی
ملی گی راہ مقصد پھر وہانسی

اوسی انگشتری خسرو نی دی تھی
وہ شیرین کی حوالہ اوسنی کر دی

کہا گر راہ مین خسرو کو پانا
تو یہہ انگشتری اوسکو دکہانا

بسان مہر ہی وہ صورت پاک
سراپا سرخ ہو گی اوسکی پوشاک

نشان اوس شاہزادی کا یہ کہہ یاد
روان ہو یہانسی اب تو بادل شاد

ترے پیچھی مین آتا ہون سبکتر
نہ ہونا تو کسی صورت سی مضطر

سر شہر مداین جب کہ جانا
پتا اوس شہ کا ہر اک سی لگانا

وہان خسرو کی اک خلوت سرا ہی
کنیز اوس شہ کی ہر اک مہ لقا ہی

اوسی خلوت سرا مین تو بھی جانا
نگین شاہ ہر اک کو دکہانا

اقامت کر تو اوس منزل مین یکماہ
قران اوس خوش رہی ہوگا تیرا ماہ

تماشای جمال شاہ کرنا
خدا کا شکر پھر ای ماہ کرنا

کہا پھر اب ترا حافظ ہی اللہ
یہ کہکر اپنی لی شاپور نی راہ

رہی تنہا وہ شیرین یا نیہ جسدم
تو آئین سب کنیزین ملکی باہم

غرض شیرین یہ تونکو ساتھ لیکر
ہوئی وہانسی روانہ پس سبکتر

کٹی آخر کو فرحت سی وہ سب راہ
بصد شادی وہ پہونچی تا وطنگاہ

رہین آسودہ چندی بہ شب گلفام
نگر شیرین کو کب آتا تہا آرام

لگی کہنی مہین بانو سی یا ماہ
رہی قائم ترا یہہ حشمت و جاہ

نہین لگتی یہان میری طبیعت
ملیگی صیدگہ مین مجھکو فرحت

جو فرماوی تو کر شبدیز پر زین
روان صحرا کو ہون باز یب و تزئین

کرون دن بھر شکار و سیر جاکر
قدمبوسی کرون پھر شب کو آکر

کہا اوسنی کہ سن ای ماہ پیکر
سوا اسکی جو کچھ چاہی طلب کر

وہ شبدیز سبکدو تیز تر ہی
کہ جس سی چرخ بھی زیر و زبر ہی

مبادا پشت زین سی جدا ہو
تو پھر وہ بادپا مطلق ہوا ہو

اجازت یہہ نہین ہی گرچہ منظور
تری آزردگی سی پر ہون مجبور

لگام پہلوانی اوسکو دیکر
سواری کر تو اوسکی پشت زین پر

اجازت جب نہین بانو سی پائے
تو پھر جان تا لب شیرین مین آئے

اوٹھی ہانسی دعا اوین اسکو دیکر
رہی پیوستہ سایہ تیرا مجھپر

بھاگنا شیرین کا شکارگاہ سی اور پھرنا کنیزونکا راہ سی

کہان ہی ساقی گلفام ادہم
پلا مجھکو شراب عیش پیہم

کہ گردون ہی مبارکباد گویان
ہوا معشوق خود عاشق کا جویان

چڑھا جب دم سوار مہر تابان
سر پشت سمند چرخ گردان

پہن پوشاک شیرین ہو گئی طیار
کیا اوسنی طلب شبدیز رہوار

ہوئین حاضر بتان ماہ پیکر
کیا مجرا ہر اک نی سر جھکا کر

جو دیکھا اوسنی اون سب مہوشونکو
لگی کہنی وہ اونسی مہربان ہو

رہا کرتی ہو تم وحشت سی دلگیر
اسی قصد ہی اب سوی نخچیر

بتون نی سنکی باطبع ہوسناک
فریب بر مین کی فرانہ پوشاک

سہی تھا رسم اون سبکا گو نکا
کبھی گر اتفاق صید ہوتا

تو ہوتین سب وہ باشکل غلامان
خوشی سی ہمرہ شیرین شتابان

غرض گھوڑونپہ کی سب نی سواری
چلا وہ غول جون باد بہاری

روان گھوڑونپہ وہ سب رشک تہمین
کہ جلد سب قیامت کج کلہ تہین

ہر اک توسن نی چالاکی دکہائی
ہرن کی چوکڑی ساری بہلائی

ولی شیرین نی جسدم باگ اوٹھائی
کسی نی گرد بھی اوسکی نپائی

کنیزون نی اوٹھائی باگ بیحال
دوان تہین مثل سایہ اوسکی دنبال

وہ سمجھین سب اپی کی یہہ سرکشی ہی
نکچھ سمجھین شیرین کی خوشی ہی

کیا ہر چند اون سب نی تگاپو
چلا ہر گز کسیکا کچھ نہ قابو

نمایان ہو گئی اتنی مین جب شام
پھرین صحرا سی آخر سب وہ ناکام

مہین بانو کی آگی آ کی غمگین
کہا تلخی سی یکسر حال شیرین

کہ ڈالا اوسنی جب گھوڑا اگاڑی
تو سمجھا ہی کہین ہم سب پچھاڑی

ہوئی درماندہ آخر سبکی رہوار
نشان اوس ہٹ کا پایا نہ زنہار

سنا بانو نی جب شیرین کا احوال
سراسیمہ ہوئی اور غم سی پامال

کیا حسرت سی اپنا پیرہن چاک
کہا پھر یہہ سخن با چشم نمناک

کہا ای شیرین یہ تجھکو کیا سمائی
محبت کس لئی لیلی وٹھائی

کہان سرگشتہ تو ای میری جان ہی
کہان شبدیز ہی اور تو کہان ہی

رہی قائم تو اوسکی پشت زین پر
پیادہ پا ہوئی روی زمین پر
جدا ہو کر کی صدمہ سی فرس سے
ہوئی دمساز اب نخچیر ونسے جا کے

رہی اس طرح سی گریان سحر تک
دل غمگین مین کیا کیا لائی شک وہ
ہوئی جسدم خبر یہہ سب پہ ظاہر
ہوئی سردار لشکر آ کی حاضر

کیا یون عرض گر ہم حکم پائین
پتا جا کر کہین اوسکا لگائین
کیا بانو نی ہرگز کچھہ نہ ارشاد
کہ یہہ خواب ایک شب کا تھا اوسی یاد

کہ گویا ہاتھہ پر بیٹھا ہی اک باز
کیا پھر دفعتہ ہاتھون سی پرواز
ہوئی حسرت مین اوسکی جبکہ رنجور
تو وہ آ کر کی بیٹھا پھر بدستور

جو پھر بیٹھا تھا آ کر خواب مین باز
تجسس سی رہی شیرین کی وہ باز
لگی کہنی کہ ہی یہہ کار دشوار
کہ ہین یہان جتنی گھوڑی تیز رفتار

جو مثل باد بھی ہو وین سبک خیز
نہین ممکن کہ پائین گرد شبدیز
گیا جب مرغ ہاتھون سی نکل کر
تو ہاتھہ آنا ہی مشکل پاؤن چلکر

علاوہ اوسکی یہہ ظاہر نہین ہی
کہ کس جانب گئی وہ نازنین ہی
یہ بہتر ہی رہون چندی شکیبا
وہ شاید خود دکھائی روی زیبا

نہ پھر یاد رہی وہ چھوڑ دیگی
اگر جیتی رہی گی آملیگی
رہا خاموش لشکر سنکی سارا
بجز فرمانبری کی کیا تھا چارہ

اودہر شیرین سوار پشت شبدیز
صبا آسا اڑان تھی سوی پرویز
وہ با شکل غلامان پریوش
کہی تھی زیب بر پوشاک دلکش

شتابان وہ بدہ صحرا بصحرا
لگاتی تھی پتا اوس گل کا ہر جا
اوسی تھا خوف نامحرم جو ہر گاہ
سمجھتی تھی نہ کچھہ وہ راہ بیراہ

نکرتی تھی کسی منزل مین آرام
تگاپوسی مگر تھا راتدن کام
اسی صورت سی وہ ماہ دل افروز
رہی بس گرم رو تا چاردہ روز

بڑہا تھا سوز دل رنج و الم سے
لگی گھٹنی مثال بدر غم سے
ہوئی اک صبح پھر جسدم نمایان
ملا اک مرغزار سبز و ریان

نظر آیا وہان اک چشمہ صاف
بسان آب گوہر صاف شفاف
وہ آب چشمہ تھا ایسا درخشان
چھپا ظلمت مین جس سی آب حیوان

وہ رنج رہ سی از بس خستہ تن تھی
غبار آلودہ وہ رشک چمن تھی
نتھا مردم کوئی چشمی کی اوپر
لگی گھوڑی کو ٹہلانی وہ دلبر

اوتر کر اسپ کو باندہا شجر سے
جدا پوشاک کی پھر اپنی بر سے
جو پہنی چادر نیلی بدن پر
عیان تھا رنگ سوسن کا سمن پر

گئی چشمی کی اندر پھر شتابی
ہوا اوس مہ کا منزل برج آبی
حباب چشمہ شکل چشم بنکر
ہوئی مشتاق نظارہ سراسر

لبون سی موج کی چشمی نی حاصل
کیا پا بوس اوسکا ہو کی مائل
پڑا جب عکس انگشت نگارین
ہوئین سب مچھلیان چشمی کی رنگین

نہائی جبکہ اوس چشمی مین گلرو
گلاب آسا ہوا وہ آب خوشبو
وہ رشک حور جو تھی پانی کی اندر
وہ چشمہ تھا مثال چشمہ خور

جو کھولی اوسنی گیسوی سیہ تاب
بنی عاشق کو حلقی اوسکی گرداب
بت سیمین بدن کی شستشو کی
تمنا پنجہ خورشید کو تھی

رہی پانی مین یون مشغول بازی
تو کی آخر فلک نی کارسازی

خوف پدر سی خسرو کا فرار ہونا اور دلبر سی جا ملنا

پلا ساقی مجہی اک اور ساغر
خبر عاشق کی اب لاؤن مین جا کر
یہ کہتا ہی وہ دانای سخنور
بیان یہہ داستان کی جسنی یکسر

کہ خسرو شاہ نی شاپور دانا
کیا جسدم سوی ارمن روانا
زبس تھا انتظار اوسکا شب و روز
کہ کب دی مژدہ یار دل افروز

عدو خسرو کا اون روزون تھا ایک
عداوت سی کیا فتنہ بپا ایک
کیا تجویز نقش فتنہ انگیز
درم پر کر منقش نام پرویز

کیا رائج ہر اک کشور مین اوسکو
کہ تا خسرو سی ہر فرد بدگمان ہو
ہوا ہرمز جو واقف اس چلن سے
تو گویا آگ سی لگی سینی پہ اوسکی

کہا اوسنی نیا سکہ چلایا
ہماری بات مین بٹہ لگایا
لٹاتا زر ہی ندرا یسی وہ چند
کرون اب گنج کی صورت اوسی بند

بزرگ امید کو اوسکی خبر تھی
تو اوسنی جا کی خسرو کو خبر کی
کہا گرچہ ہی تو شہ کا جگربند
مگر سمجہو کریگا وہ نظر بند

بدی پر ہی طبیعت جسکی مائل
ہوئی پیری مین اوسکی عقل زائل
نکل جائی کسی جانب جو یہان سے
تو امین ہو بلای ناگہان سے

سنا خسرو نے یہہ احوال جس دم
ہوا خوف پدر سے سخت پر غم

کہ کل ہی عزم میرا سوی نخچیر
رہا کرتا ہوں یہاں سخت دلگیر

او تارو تم اوسے باعزت و جاہ
کو اک تم ہو سب اور وہ ماہ

تو ہمراہی مین ہنا اوسکی تم سب
اطاعت کیجیو ہر روز و ہر شب

جو تہا عشق اوسکا وہ صادق لیکن
عیان الہام غیبی تہا زبان سے

جو خوف شاہ سے پردر تہا دل
تو دو منزل کو کرتا ایک منزل

ہوئی درماندہ اسپان سبک خیز
ہوا خسرو وہان بس فرحت انگیز

یہہ کہکر آپ ہر سب سے جدا ہو
بسوی مرغزار آیا وہ خوشخو

دکہاتا تہا وہ چالاکی سراسر
قدم رکہتا تہا اک جا زمین پر

اور اوسمین وہ سراپا ناز دلجو
نظر آتی تہی اک سرو لب جو

وہ دلبر تہی جو اوس پانی مین عریان
نظر آتی حباب آسا وہ پستان

جو کہولی اوسنے تہی زلف گرہ گیر
ہوئی خسرو کی پاؤنکی وہ زنجیر

لگا کہنے وہ دل سے کہینچکر آہ
عجب ہی حسن کی تاثیر واللہ

یہی کہتا تہا وہ کیا خوب ہوتا
جو مین ہاتہوں سے اسکی پاؤن دہوتا

ولی اس بات سے تہا کچھہ نہ آگاہ
کہ اوتریگی مری منزل مین یہہ ماہ

جو شیرین پر مرا ہی عشق صادق
نہونگا مین کبہی دلبر پہ عاشق

مگر سہرا پہ خلاف عقل یہہ بات
کہ شیرین سلطنت کی ہی زر ذات

پڑی وسوسہ لرا پر کیا تباہی
ہوئی تنہا جو یون جنگل کو راہی

غرض دل سے یہ شہ کی گفتگو تہی
بدل حال صنم کی جستجو تہی

ہٹا جب زلف کا ابر سیہ تاب
نکل آیا وہ روی شاہ مہتاب

رخ روشن ہے مثل مہر تابان
کہ یہ تو ہی وہی کیا ماہ کنعان

سوا اسکی نہ چارہ اور دیکہا
کہ چہوڑا رخ پہ پردہ گیسونکا

مگر دیکہا کہ اب وہ نارپستان
خجالت سے جہکا لی سر گریبان

نہیں کیونکر یہ دلبر مجہسی محجوب
کہ محجوبی ہی عین حسن محبوب

غرض اس طور سمجہاتا ہوا دل
چلا وہ ادہر جانب نیم بسمل

پہن پوشاک کر شبدیز پر زین
چلی اودہر چشمہ شیرین سے شیرین

عجب یہہ شان و شوکت کا جوان ہی
کہ عاشق اسکی رخ پر سب جہان ہی

شبستان مین گیا اپنی وہ بیحال
کہا سب باہر ہو نسے یہ احوال

اگر آئی کوئی یہان نارپستان
شبستان کو کری رشک گلستان

اگر وہ ہوگی اس خلوت سی دلتنگ
کری صحرا کی جانب اپنا آہنگ

پسند آئی جو اوسکو کوئی گلشن
بنا دینا وہین پر اوسکا مسکن

یہہ کہکر وہان سے با خیل غلامان
ہوا خسرو سوی ارمن شتابان

وہ جا پہونچا اوسی جا راہ طی کر
کہ جس منزل مین تہی وہ ماہ پیکر

غلامون نے کہا اوسنے کہ تم سب
ذرا گہوڑونکو ٹہلاؤ یہان اب

نظر آیا وہ شبدیز سیہ رنگ
شب دیجور ہی جس سے تہی دلتنگ

ہوا اسپر یقین خسرو جب آن
نظر آیا وہ چشمہ مثل حیوان

نظر آتا تہا عریان جسم شفاف
بندہی اک چادر نیلی تہی تا ناف

نمایان یون تہی رخ پر قطرہ آب
کہ تابندہ ہو اختر گرد مہتاب

زبس تہی اوسکی دلمین الفت افزون
ہوا اوس رشک لیلی پر وہ مجنون

ابہی تہا ایک ہی لب کا طالب
ہوا غم دوسرا کا دلپہ غالب

نہین جانا وہ چشم اوسکا ہی تہوڑا
ملی جسکو یہ جوڑا اور گہوڑا

کبہی کہتا یہ کیسا ماجرا ہی
کہ اس ہٹ پر مرا دل مبتلا ہی

نشان شاپور نے جو کچھہ بتایا
سوا اس معشوق اور گہوڑے مین پایا

مصاحب اوسکی صدہا ہین دلارام
نہیں جز عیش و عشرت دوسرا کام

کہون کیونکر دلا وہ جان جان ہی
کہان وہ دلربا اور تو کہان ہی

نگاہ شاہ سے شیرین تہی غافل
کہ رخ پر تہی نقاب زلف حائل

نظر کی اوسنے جس دم آنکھہ اوٹھا کر
تو دیکہا اک جوان رشک صنوبر

ہوئی بس شرم سے لرزان بیتاب
کہ جیون پانی مین لہراتا ہی مہتاب

ہوئی اوسدم نگاہ مست جابار
دل خسرو کو مثل تیغ بران

تو سمجہا خاطر جانان یہین بار
نہیں منظور یار خاطر یار

اگر ہی صید وحشی یہ دلارام
کرونگا دام فکرت سے اسی رام

ہوا چشمی سے خسرو جبکہ کچھہ دور
نکل پانی سے وہ سرمایہ نور

یہی کہتی تہی اپنی دلمین ہربار
کہ پیش آیا ہی کیا یہہ امر دشوار

نہیں یہہ جاہر و گر میرا دلدار
تو پہر آگین ہی کیون میرا دل زار

جو اوس تصویر مین دیکھی نشانیان
سو وه سب اسکے چہرے سے عیان ہین

بہت تشویش اوسنے اسطرح کی
نه اس اسرار سے پر آگہی تہی

غرض مرضی تہی یون اوس دلستانکی
که قربت ہووے اس غنا جو انکی

یہ کہکر کردیا گہوڑے کو سرپٹ
کسی نے بہی نپائی اوسکی آہٹ

پس یک لحظه خسرو نے نظر کی
نه دیکہی شکل پر اوس سیمبر کی

جو تہا اوس بحر خوبی پر ہ مائل
تڑپتا تہا برنگ ماہی دل

کبہی تہا ڈہونڈہتا ہر اک چمن کو
که سبزے مین وه شاید گلبدن ہو

کبہی چشمے کو یہه جا کر سنایا
کہان اوس بحر خوبی کو چہپایا

کبہی کہتا فلک سے ملکے وه ہاتہه
کیا کیا شعبده تونے مرے ساتہه

نہین معلوم بیداری تہی یا خواب
که دیکہا مین نے وه ماه جہانتاب

جو مشغول اوس جانب مین نہ ہوتا
تو دولت ایسی کیون ہاتہه سے کہوتا

سنان غم نه کیون دل پر بٹہائے
جو پہونچی شاخ تک اور پہل نہ کہائے

غضب ہی جو لب کوثر پہ پہونچکر
کرے تشنه نه اوس سے اپنی لب تر

پڑا اس خاک پر حسرت سے بیہد و ہوش
رہا کچھ دیر تک آخر کو بیہوش

کہا پہر دل سے باصد رنج و افسوس
عبث تہا ہی اس صورت سے مایوس

اگر کوئی پری تہی یہه ستمگار
تو ہاتہه آنا تہا اوسکا سخت دشوار

